


نگہت سیما

# اعتراف

"سنا ہے تمہارے کزن فرہاد نے دوسری شادی کرلی ہے کیا یہ صحیح ہے؟"

"ہاں یار! فرہاد بھائی نے دوسری شادی کرلی ہے۔"

"مگر کیوں، لیلیٰ بھابی تو بہت اچھی ہیں۔ خوبصورت، سلیقہ مند، ایجوکیٹڈ، خوش اخلاق۔"

حیرت سے کہا گیا۔

میں غیر ارادی طور پر اپنے پیچھے بیٹھی لڑکیوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ دراصل میرے دوست عزیز کی بہن

ناولٹ



کی شادی تھی۔ اور عزیز کے بے حد اصرار پر میں اس تقریب میں شرکت کے لیے آیا تھا۔ حالاں کہ نیلی کا موڈ خراب تھا اور اس نے میرے ساتھ آنے سے صاف انکار کردیا تھا۔ اور جب عزیز سے میں نے معذرت کی تو وہ ناراض ہونے لگا۔

"بھابی کی طبیعت خراب ہے تمہاری تو نہیں۔"

اور یوں میں اس وقت یہاں موجود تھا لیکن چوں کہ میرا موڈ بھی کچھ بگڑا ہوا تھا۔ اس لیے میں یہاں خاموشی سے آکر بیٹھ گیا تھا۔ عزیز کہیں مصروف تھا۔ بارات ابھی تک نہیں آئی تھی۔ مہمان آہستہ آہستہ آرہے تھے۔ ادھر ادھر نظر دوڑاتے اچانک ہی میرے کانوں میں بالکل اپنے پیچھے بیٹھی لڑکی کی آواز آئی تھی اور میرا دھیان ان کی گفتگو کی طرف ہوگیا تھا۔

"ہاں، یہ تو ہے لیکن کہیں تو کوئی کمی ہوگی نا! کوئی خلا ہوگا کہ فرہاد بھائی نے لیلیٰ بھابی کے ہوتے دوسری شادی کرلی۔" دوسری لڑکی کہہ رہی تھی۔

"کمی کیسی لیلیٰ بھابی پرفیکٹ ہیں۔ دراصل آج کل ٹرینڈ چل نکلا ہے دوسری شادی کا۔ یوں سمجھ لو فیشن میں ان ہے آج کل۔"

لہجے میں ہلکا سا تمسخر تھا لیکن آواز بہت خوبصورت تھی۔

"نہیں یار! محض فیشن کے لیے تو بندہ گھر نہیں اجاڑتا۔ کہیں کوئی کمی ہوتی ہے۔ کوئی خلا کوئی مایوسی۔ شاید فرہاد بھائی جو کچھ لیلیٰ سے چاہتے تھے لیلیٰ بھابی انہیں نہیں دے سکی ہوں گی۔" بہت ٹھہرا ٹھہرا نرم لہجہ یوں جیسے.....

www.pkdigest.com

میں ابھی کوئی تشبیہ سوچ ہی رہا تھا کہ دوسری لڑکی نے تیز لہجے میں کہا۔ لہجے کی تندی نے آواز کی خوبصورتی کو ماند کر دیا تھا۔

"یہ تم اس لیے کہہ رہی ہو کیوں کہ تم ان میرڈ ہو۔ تمہیں اس کی فکر نہیں ہے کہ تمہارا شوہر دوسری شادی کرے گا جبکہ میری تو راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔ سچی جب بھی منیب آفس سے لیٹ ہوتے ہیں تو مجھے گھبراہٹ ہونے لگتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے دل کا دورہ پڑ جائے گا۔ میں تو ان دنوں منیب پر گہری نظر رکھنے لگی ہوں تاکہ بارش آنے سے پہلے ہی بندوبست کرلوں' یہ نہ ہو کہ چھت گرنے کے بعد ہوش آئے تب واویلے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔"

جواباً" دلکش سی ہنسی یوں فضا میں بکھری جیسے کہیں مندر میں دھیرے سے گھنٹیاں بجی ہوں۔

"تب ہی مونی بھائی کہہ رہے تھے کہ فرح کی نظریں آج کل میرا یوں ایکسرے کرتی ہیں جیسے میں کوئی جرم کر کے آیا ہوں۔ اور یہ کسی ماہر انٹیلی جنس آفیسر کی طرح آنکھوں ہی آنکھوں میں اندر تک کھوج آتی ہے مجھے۔ سوچتا ہوں اسے تو کسی تفتیشی عہدے پر فائز ہونا چاہیے۔"

"ہاں تو کرتی ہوں نا۔ تفتیش نہ کروں تو تیرے یہ مونی بھائی ہاتھوں سے پھسل جائیں۔"

"لیکن فرحی ڈیر!" ہنسی تھم گئی۔

"اگر مرد اپنی کرنے پر آئے تو اسے کون روک سکتا ہے۔ اور پھر تمہاری تو لو میرج ہے۔ منیب بھائی نے اتنے انتظار اور مشکلات کے بعد تمہیں پایا ہے۔"

میں نے پیچھے مڑ کر دیکھنے کی خواہش کو بمشکل دبایا اور پورے دھیان سے انہیں سننے لگا۔ بظاہر میں سامنے اسٹیج کی سجاوٹ دیکھ رہا تھا لیکن میری سماعتیں ان ہی کی طرف لگی ہوئی تھیں۔

"چھوڑو یار! یہ محبت بھی کچھ عرصہ بعد پرانی ہو جاتی ہے۔" جلا بھنا جواب ملا۔

"سنا ہے پرانی شراب بہت مزہ دیتی ہے۔" لہجے میں شرارت صاف محسوس ہو رہی تھی۔ بے اختیار پھر پیچھے مڑ کر دیکھنے کو جی چاہا لیکن خود کو روک لیا۔

"خاک مزہ دیتی ہے۔"

وہی جلا بھنا انداز۔

"سامنے نئی نویلی شراب ہو تو ذائقہ چکھنے کو کس کا جی نہیں چاہتا۔ پرانی محبت تو بس بے کار ہو جاتی ہے فضول۔"

"نائی گاڈ فرحو! تم بہت بدگمان ہو رہی ہو منیب بھائی سے۔ کہیں وہ سچ مچ تو..." اس نے بات ادھوری چھوڑ دی۔

"نہیں۔ نہیں۔" بات فوراً" کاٹی گئی۔ "ایسی بات نہیں۔ منیب بہت اچھے ہیں۔ بہت خیال رکھنے والے لیکن یار! جب سے فرہاد بھائی نے دوسری شادی کی ہے۔ میرے دل کو پتنگے لگے ہوئے ہیں۔ لیلیٰ بھابھی تو اتنی اچھی تھیں۔ اتنی خوبصورت' اتنی پیاری اور پھر شہزادوں جیسے بیٹے اور... اور یہاں صرف تین بیٹیاں اور مزید کوئی امید بھی نہیں۔ اب مونی کے پاس تو گھڑا گھڑایا بہانہ موجود ہے شادی کرنے کا۔"

اب لہجے میں آنسوؤں کی نمی بھی شامل ہو گئی تھی۔

"فرح!" وہی نرم ٹھہری آواز میں نے تصور میں محسوس کیا جیسے اس نے اس کا ہاتھ تھپتھپایا ہو۔

"ٹی ایزی یار! تمہارے یوں پریشان ہونے سے کیا ہوگا۔ گھر اگر نمک اور موم کا بنا ہو کہ بارش سے بہہ جائے گا اور دھوپ کی تمازت سے پگھل جائے گا تو تم کب تک روک سکو گی اسے ٹوٹنے سے۔ تم لاکھ حفاظتی دیواریں بناؤ' قلعے میں قید کرو۔ اگر مرد ارادہ کر لے کہ اسے دوسرا گھر بنانا ہے تو کون روک سکتا ہے اسے۔"

"یہ آج کل کی لڑکیاں۔ انہیں تو "مالیخولیا" ہو گیا ہے محبت کا۔"

مجھے ہنسی آئی لیکن میں صرف مسکرا دیا حالاں کہ اس بات پر قہقہہ لگانے کو جی چاہا تھا۔

"مری جاتی ہیں محبت کرنے کے لیے۔ مونی کے



آفس میں کتنی لڑکیاں ہیں۔ کس کس سے بچاؤں گی مونی کو۔" لہجے میں بے بسی شامل ہو گئی۔

"فار گاڈ سیک فرح! کیا فضول سوچوں میں خود کو الجھا رہی ہو۔ اب آفس میں لڑکیاں اسی مقصد کے لیے تو نہیں جاتیں نا۔ میں بھی تو جاب کرتی ہوں۔ اور مجھے..."

"اب ہر لڑکی تمہارے جیسی تو نہیں ہوتی نا۔ یہاں تو جیسے تیار بیٹھی ہیں۔ ذرا مرد نے نظر بھر کر دیکھا۔ تو بس یوں سمجھ لو' عرب کے اونٹ والا حال ہے۔ خیمے میں ہی گھس کر بیٹھ جاتی ہیں۔ یہ سوچے بغیر کہ یہ بندہ پہلے سے ہی ایک عدد بیوی کا شوہر ہے۔"

وہی مدھر ہنسی ایک بار پھر فضا میں بکھر گئی۔

"ہاں تم ہنس سکتی ہو بی بی اس لیے کہ تمہیں ایسا کوئی خوف جو نہیں ہے کہ کوئی "قتالہ" تمہارے شوہر کے دل میں گھس کر بیٹھ جائے گی۔"

"اصل میں فرح' یہ بھی ہمارے معاشرے کا المیہ ہے ایک۔"

آواز میں نرمی کے ساتھ سنجیدگی اور دکھ کا رنگ جھلکنے لگا تھا۔

"لیٹ میرجز (دیر سے شادی)' شادی کا نہ ہونا اور اس طرح کے مسائل۔"

"یہ تو ہمیشہ سے تھا۔ ہماری "اماؤں" کے زمانے میں بھی کئی لڑکیوں کی شادیاں نہیں ہوتی تھیں یا زیادہ عمر میں ہوتی تھیں تو کیا وہ دوسروں کے شوہروں پر اس طرح قبضہ کرتی پھرتی تھیں۔"

ان فرح بی بی کو لگتا تھا آج کی لڑکیوں سے بہت ہی شکایتیں ہیں۔ پھر جی چاہا کہ ایک نظر دیکھوں تو سہی کہ خود محترمہ کس زمانے کی پیداوار ہیں۔ آواز سے تو کچھ اندازہ نہیں ہو رہا تھا۔

"دراصل میڈیا نے بھی لڑکیوں کو تیز کر دیا ہے۔ خود ہی ہاتھ پاؤں ہلا لیتی ہیں۔"

"بھئی۔ ہاتھ پاؤں ہلائیں لیکن دوسروں کے حق پر ڈاکہ تو نہ ڈالیں نا۔ اب جیسے فرہاد بھائی کی نئی بیوی اتنی خوبصورت ہے کہ کسی کنوارے کے دل پر بھی ہاتھ ڈالتی تو بے چارہ پھڑک کر رہ جاتا وہیں۔ لیکن اس نے لیلیٰ بھابھی کے حق پر ڈاکہ ڈالا۔"

"کیا خبر محبت ہو گئی ہو۔ اور محبت تو کچھ نہیں دیکھتی نا۔ نہ آگا' نہ پیچھا' نہ عمر' نہ ذات۔"

لہجے کی شرارت میں نے صاف محسوس کی لیکن فرح صاحبہ نہ کر سکیں۔

"کہاں کی محبت۔ کچھ لوگوں کو عادت ہوتی ہے چوریاں کرنے اور ڈاکے ڈالنے کی۔ اور اب تو محبت بھی ریوڑیوں کی طرح بٹ رہی ہے جسے دیکھو محبت کا نافہ اٹھائے پھر رہا ہے۔"

میں ان خاتون کی گفتگو سے بہت محظوظ ہو رہا تھا۔ تھوڑی دیر پہلے جو موڈ بگڑا ہوا تھا' اب انتہائی خوشگوار ہو چکا تھا۔

"ہر دوسرے بندے کو یہ مرض لاحق ہو رہا ہے۔ جسے سنو اسی بخار میں مبتلا ہے۔ سولہ سال کا لڑکا ہو یا چالیس کا مرد۔ سب محبت محبت الاپ رہے ہیں۔ میرا بس چلے تو آگ لگا دوں اس محبت کو نہ جانے کتنے گھروں کو اجاڑ چکی ہے۔"

"محبت بہ ذات خود ایک بہت خوبصورت جذبہ ہے لیکن محبت کا اتنا چرچا ہونے کے باوجود محبت کہیں نظر نہیں آتی فرح!"

وہی نرم نرم بارش کی پھوار کی طرح برستا لہجہ۔ یہ لہجہ' یہ ٹھہراؤ اور برستی بوندوں کی سی آواز کہاں سنی تھی میں نے۔ میں پتا نہیں کیوں چونکا۔

"یہ سب جو دکھائی دے رہا ہے اور جس کا اتنا چرچا ہے۔ یہ محبت نہیں ہے۔ غرض ہے۔ ایک پناہ گاہ کی خواہش' رفاقت کی آرزو' گھر کی چاہ۔ اپنے معتبر ہونے کا احساس۔ بس یہی احساسات ہیں کہ عورت بے اختیار مرد کی طرف بڑھتی ہے۔ ذرا سا التفات پا کر۔ عورت پیدائشی طور پر نازک ہے۔ مرد کے مقابلے میں کمزور اور ناتواں۔ حالات کی دھوپ سے کملا جاتی ہے اور امر بیل کی طرح سہارے کی متمنی۔ جو سہارا قریب نظر آتا ہے اسے ہی سب کچھ سمجھ لیتی ہے۔ تم لڑکیوں کو قصور وار کیوں ٹھہرا رہی ہو۔ مرد ہی کیوں مضبوط نہیں



www.pkdigest.com

ہوجاتا۔ کیوں خود غرض ہوجاتا ہے۔ کیوں نہیں ٹھکرادیتا ایسی محبتوں کو جو اس کے بنے بنائے گھر کو اجاڑ دیتی ہیں۔"

"تم سارا قصور عورت کے کھاتے میں مت ڈالو فرح! یہ مرد بھی بڑا خود غرض اور لالچی بن جاتا ہے اور سب بھلادیتا ہے۔ بیوی کی وفائیں، بچوں کی محبتیں سب۔ اسے پھسلنے میں دیر ہی کتنی لگتی ہے چاہے سامنے عام سی معمولی سی لڑکی بھی کیوں نہ ہو۔ اس کی اداؤں کے سامنے بیوی کی وفائیں دھری کی دھری رہ جاتی ہیں۔"

"تو اسی بات سے تو میں ڈرتی ہوں۔" اتنی لمبی بات اطمینان سے سننے کے بعد جواب آیا تھا۔

"کیا سب مرد خود غرض اور لالچی ہوتے ہیں؟ کیا منیب بھی؟" لہجے میں تشویش شامل ہوگئی تھی۔

"خدا نہ کرے فرحو! جو منیب بھائی ایسے ہوں۔ تم بھی بس۔" لہجے میں بے ساختگی کے ساتھ ہلکی سی سرزنش بھی تھی۔ "اور سب مرد لالچی اور خود غرض نہیں ہوتے۔ کہیں کوئی بے غرض مرد بھی تو ہوتا ہے نا' اسی دنیا کا باسی اعلا ظرف اور......"

وہ لمحہ بھر کو خاموش ہوئی تھی۔ جیسے اسے اپنی ہی کسی بات پر یقین نہ ہو اور وہ محض فرح بی بی کو تسلی دے رہی ہو۔

"اور کیا خبر منیب بھائی بھی ایسے ہی ہوں۔"

"اللہ کرے ۔لیکن یار! یہ تمہارے فرہاد بھائی بھی ایسے لگتے تو نہیں تھے۔ اتنے ڈیسنٹ اتنے سمجھدار' میں نے تو ہمیشہ انہیں لیلیٰ بھابھی اور بچوں کا خیال کرتے ہی دیکھا ہے۔ بس اسی بات نے خوف زدہ کردیا ہے کہ اگر فرہاد بھائی پھسل سکتے ہیں تو منیب تو۔"

اس کی سوئی ابھی تک وہیں اٹکی ہوئی تھی۔

"بات یہ ہے' فرح ڈیئر کہ بعض اوقات جو کچھ بظاہر نظر آرہا ہو' حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا۔ فرہاد بھائی واقعی بہت ڈیسنٹ ہیں اور اگر لیلیٰ بھابھی انہیں اس حد تک زچ نہ کرتیں تو شاید وہ کبھی بھی دوسری شادی نہ کرتے۔"

"کیا مطلب ہے تمہارا؟ صاف صاف بتاؤ۔ لیلیٰ بھابھی میں کیا کمی تھی؟ اتنی خوبصورت اتنی ایجوکیٹڈ اور اتنی سگھڑ۔"

"ہاں۔ یہ سب کچھ تھا لیلیٰ بھابھی میں بس صبر اور برداشت کی کمی تھی اور اعتماد و یقین کی بھی۔ انہیں فرہاد بھائی پر ان کی محبت پر یقین نہیں تھا۔ اتنے سالوں میں وہ فرہاد بھائی کو سمجھ ہی نہ سکی تھیں۔ حالاں کہ اتنے سال اس مرد کو جاننے کے لیے کیا کافی نہیں ہوتے جو رفیق زندگی ہو۔"

"تمہارا مطلب ہے غلطی لیلیٰ بھابھی کی تھی؟"

لہجے میں حیرت کا عنصر غالب تھا۔

"ہاں اور یہی غلطی اب تم کررہی ہو' خوامخواہ منیب بھائی پر شک کرکے۔" وہ سمجھانے والے انداز میں بولی تھی۔

"تم کیا سمجھتی ہو بی بی! مجھے ساری کہانی کا علم نہیں۔" طنزیہ ہنسی کے ساتھ جواب دیا گیا۔ میں ہمہ تن گوش تھا۔ "تمہارے یہ فرہاد بھائی اپنی سیکریٹری پر فریفتہ تھے جانے کب سے چکر چلا ہوا تھا۔"

"نہیں فرح! یہ غلط ہے۔ ایسا کچھ نہیں تھا۔ ربیعہ فرہاد بھائی کے آفس میں پندرہ سال سے کام کررہی ہے۔ اگر ایسی کوئی بات ہوتی تو وہ لیلیٰ بھابھی کے بجائے ربیعہ سے ہی شادی کرلیتے۔ کون روکنے والا تھا انہیں؟ چچا جان نے تو ان کی مرضی پوچھ کر ہی لیلیٰ سے ان کا رشتہ طے کیا تھا۔ ربیعہ کے والد کا انتقال ہوچکا تھا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی خاطر ربیعہ نے جاب کرلی تھی۔ فرہاد بھائی کے دل میں اس کے لیے بہت احترام تھا کہ وہ اپنے بہن بھائیوں کی خاطر اپنی زندگی وقف کیے ہوئے تھی۔ وہ اکثر اوقات اس کی ہیلپ (مدد) بھی کردیا کرتے تھے۔ اس کی بہن کی شادی ہوگئی تھی اور بھائی دونوں پڑھنے کے لیے باہر چلے گئے تو اچانک پتا چلا کہ اس کی والدہ کو کینسر ہوگیا ہے۔ ان دنوں فرہاد بھائی نے ربیعہ کا بہت ساتھ دیا۔ اس کی والدہ کو لے کر کینسر ہسپتال جانا بھاگ دوڑ۔ وہ ربیعہ کے ساتھ ساتھ رہے۔ فطرتاً ہمدرد نیچر کے تھے۔ ان ہی



دنوں لیلیٰ بھابھی کو بھی خبر ملی کہ فرہاد اکثر ربیعہ کو اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھائے گھوم رہے ہوتے ہیں حالاں کہ وہ اسے ساتھ لے کر شوکت خانم جاتے تھے جہاں اس کی والدہ ایڈمٹ تھیں۔ لیلیٰ بھابھی نے بلا سوچے سمجھے فرہاد بھائی پر الزام لگادیا کہ وہ ربیعہ کے ساتھ انوالو ہیں اور جانے کب سے چکر چل رہا ہے۔ تب فرہاد بھائی نے بہت رسان سے سمجھایا کہ ایسا کچھ نہیں ہے۔ لیکن لیلیٰ بھابھی کے دل میں شک کا بیج نمو پاچکا تھا۔ وہ روز ہی طعنے دینے لگیں۔ فرہاد بھائی اپنی نیچر کے مطابق خاموش ہوجاتے۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ جھگڑوں سے بچے غلط تاثر لیں۔"

یہ آواز۔ یہ لہجہ۔ میں بار بار چونک جاتا۔ اتنا مانوس سا کیوں ہے۔

"لیکن ایک روز انہوں نے لیلیٰ بھابھی سے کہا۔ ربیعہ کی والدہ چاہتی ہیں کہ ربیعہ کی شادی ہوجائے کہیں۔ بہت پریشان ہیں وہ۔ ان کی طبیعت بگڑتی ہی جارہی ہے اور میری سمجھ میں نہیں آرہا کہ کہاں سے کوئی ایسا شخص ڈھونڈ لوں' جو ربیعہ سے شادی کرلے۔"

"آپ کو ہمدردی ہے تو آپ کرلیں ثواب کا ثواب اور......"

لیلیٰ بھابی نے فرہاد بھائی سے کہا تو فرہاد بھائی کو بھی شرارت سوجھی۔

"اگر تمہیں کوئی اعتراض نہیں ہے تو ٹھیک ہے۔ میں ہی شادی کرلیتا ہوں ربیعہ سے۔" فرہاد بھائی ہنس پڑے اور اس سے پہلے کہ وہ لیلیٰ بھابی کو بتاتے کہ وہ مذاق کررہے تھے۔ ان کی کوئی بزنس کال آگئی اور پھر وہ اسی وقت آفس چلے گئے اور آفس سے ہی انہوں نے گھر فون کیا کہ وہ تین دن کے لیے ضروری کام سے اسلام آباد جارہے ہیں۔ کسی بزنس میٹنگ کے سلسلے میں۔ لیلیٰ سے ان کی بات نہیں ہوئی تھی بیٹے سے بات ہوئی تھی وہ پہلے بھی اس طرح بزنس کے سلسلے میں آفس سے ہی چلے جاتے تھے۔ آفس میں ان کا بریف کیس اور کپڑے وغیرہ ہوتے تھے۔ اور اکثر ربیعہ

www.pkdigest.com

ماہنامہ
حنا
بہنوں کا اپنا ماہنامہ
لاہور

فروری کا شمارہ شائع ہوگیا ہے

فروری 2008 کے "خاص نمبر" کی ایک جھلک

☆ فلم اسٹار "عدنان خان" سے ملاقات،
☆ "اگر تم ساتھ ہو" متعال تناوش کا مکمل ناول،
☆ "مجھے اپنے ملن کا محرور دو" شاہ ظفر کا مکمل ناول،
☆ "تم میری آخری محبت ہو" سعدیہ امل کاشف کا مکمل ناول،
☆ "نیلا موسم" سعدیہ امل کاشف کا سلسلے وار ناول،
☆ "محبت کی تتلی، وفا کے جگنو" تحسین اختر کا ناولٹ،
☆ "میرے دل کا درد غزل ہوا" مدیحہ تبسم کا ناولٹ،
☆ "عجب سلسلے ہیں وفا کے" سعدیہ امل کاشف کا سلسلے وار ناول،
☆ شمع جبیں، ہما راؤ، نازیہ ضیاء، ام مریم، فرحت شوکت اور کنول مین کے افسانے،

اس کے علاوہ

پیارے نبی ﷺ کی باتیں، انشاء نامہ، انٹرویو، شوبز کی دنیا کی دلچسپ معلومات اور عید سروے کے علاوہ حنا کے سبھی مستقل سلسلے شامل ہیں

فروری 2008ء کا شمارہ
آج ہی اپنے قریبی بک اسٹال سے طلب کریں

"اماں! آج میں ادھر ہی رہ جاتا ہوں۔"

"نہیں بیٹا! اسوہ اور بچے اکیلے پریشان ہوں گے۔"

"فون کردیتا ہوں۔ چھوٹے بھائی کو بلالے۔"

لیکن اماں نے منع کردیا۔ میں نے دیکھا زینب کی آنکھیں بجھ سی گئی تھیں، جو میرے وہاں ٹھہرنے کا سن کر چمک اٹھی تھیں۔ گو میں نے فون کرکے نیلی کو بتادیا تھا کہ میں اماں کی طرف ہوں لیکن جب گھر گیا تو اس کا منہ پھولا ہوا تھا۔

"آگئے ماں، بہنوں کی چاکری کرکے۔"

"شٹ اپ نیلی۔"

مجھے اس کے انداز گفتگو پر غصہ آگیا۔

"وہ میری ماں ہیں۔ اگر میں ان کی چاکری بھی کروں تو کچھ حرج نہیں۔"

"خوب سکھا پڑھا کر بھیجا ہے۔"

وہ بڑبڑائی تو مجھے اور غصہ آگیا۔

"فضول مت بکو۔ میری ماں یا بہن بھائی اتنے گھٹیا نہیں ہیں۔ انہوں نے کبھی مجھے کچھ سکھایا پڑھایا نہیں ہے اور یہ تم ہو اتنی گھٹیا کہ اطہر نے تمہیں فون کرکے اماں کی بیماری کا بتایا بھی اور تم نے مجھ سے ذکر تک نہ کیا۔"

ایک لمحہ کو اس کا رنگ بدلا تھا لیکن دوسرے ہی لمحے وہ نارمل ہوگئی۔

"مجھے یاد نہیں رہا لیکن انہوں نے تیلی لگادی۔"

"ویسے تو ہر معاملے میں تمہاری یادداشت بہت اچھی ہے صرف میرے گھر والوں کے لیے کمزور ہوجاتی ہے۔ زینی پاس ہوئی تو میں کتنے شوق سے اس کے لیے گھڑی لایا اور وہ تم ادھر لے جانا بھول گئیں۔ مری سے اماں کی شال لی جسے تم وہاں بقول بتول تمہارے ہوٹل کے کمرے میں ہی چھوڑ آئیں۔ جبکہ اپنے بھائیوں اور ماں کے لیے خریدے ہوئے گفٹ تو تمہیں اچھی طرح یاد رہے۔" میرا اتنا کہنا تھا کہ نیلی نے چیخنا اور رونا شروع کردیا اور روتے روتے اماں، زینی اور اطہر کو بھی برا بھلا کہنے لگی۔ میں نے بمشکل ضبط کیا۔ اور خاموشی سے اندر جاکر کمبل اوڑھ کر لیٹ گیا۔ صبح میں اٹھا تو میرا موڈ کافی حد تک ٹھیک تھا۔ اماں نے ایک بار کہا تھا۔

"اشعر بیٹا! وہ اپنا نیچر نہیں بدل سکتی تو تم ہی درگزر کیا کرو۔"

لیکن رات اماں کی بیماری، زینی کے آنسو، اطہر کی خاموشی نے مجھے بے حد ڈسٹرب کردیا تھا ورنہ میں اس کی ہر زیادتی کو درگزر ہی کردیتا تھا۔

"نیلی۔" میں نے اسے آواز دی۔ "ایک کپ چائے بنادو۔"

"جہاں سے رات کھانا کھایا ہے وہاں سے ہی چائے پی لو۔"

نیلی کے جواب نے مجھے ششدر کردیا۔ لیکن صبح صبح میں جھگڑنا نہیں چاہتا تھا اس لیے خاموش ہی رہا لیکن نیلی تو چاہتی تھی کہ میں بولوں اور اسے دل کی بھڑاس نکالنے کا مزید موقع ملے۔ چناں چہ بلاوجہ ہی ٹیپو اور گڑیا کو تھپڑ لگادیے اور خود ہی چلا چلا کر بولتی رہی۔

میں تیار ہوکر جلتا بھنتا آفس چلا آیا بغیر ناشتے کے۔

اور آفس میں بھی میرا موڈ کافی خراب رہا۔ نیلی اماں کی پسند تھی لیکن جب اماں نے مجھ سے نیلی کے متعلق رائے لی تھی تو مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہوا تھا۔ بظاہر نیلی میں کوئی ایسی بات نہ تھی جو میں انکار کردیتا وہ خوش شکل تھی، ایجوکیٹڈ تھی۔ سلیقہ مند تھی، خاندانی بیک گراؤنڈ بھی ٹھیک تھا اور میری کسی سے کوئی خاص انوالومنٹ بھی نہیں تھی۔

میں نے اب تک کی زندگی بہت صاف شفاف گزاری تھی اور نیلی کے ساتھ شادی کے بعد کبھی اس کی حق تلفی نہیں کی تھی۔ ہمیشہ اس کا خیال رکھا بلکہ بعض اوقات میں نے اماں اور زینی کو بھی اس کی خاطر اگنور کیا حتیٰ کہ اس کی خواہش پر الگ گھر میں رہنے لگا پھر بھی جانے کیا چڑ تھی اسے کہ اماں اور زینی کا نام سنتے ہی بھڑک اٹھتی تھی۔ حالاں کہ وہ صرف ایک سال تک ان کے ساتھ رہی تھی اور اس ایک سال میں اماں اور زینی تو اس کے آگے پیچھے ہی پھرتی رہتی تھیں۔

مجھے نہیں یاد کہ اس ایک سال میں کبھی اس نے



چائے تک بنائی ہو۔ پھر بھی جانے اسے کیا شکایتیں تھیں کہ اماں اور زینی کا نام لے کر وہ خوامخواہ ہی جھگڑا کھڑا کردیتی تھی۔ کیا اس کے ساتھ شادی ہوجانے سے میرے پرانے رشتے ختم ہوگئے تھے؟ میں کتنا بھی نظر انداز کرتا لیکن اس کی زبان توبہ۔ سو میں بہت دلبرداشتہ سا آفس کی فائلیں کھولے بیٹھا تھا۔

کیا میرے نصیب میں کوئی حلیم الطبع، نرم خو سی بیوی نہیں ہوسکتی تھی جو بھلے اماں، زینی اور اطہر سے محبت نہ کرتی لیکن نیلی کی طرح انہیں گالیاں بھی نہ دیتی۔ بلاوجہ کی دشمنی نہ کرتی۔ میں ان ہی خیالوں میں کھویا ہوا تھا کہ وہ۔۔۔ ہاں وہ صبا حیدر چپکے سے آکے میز کے دوسری طرف بیٹھ گئی۔

"کیا بات ہے اشعر صاحب! گھر میں تو سب خیریت ہے۔ آپ کی مسز تو ٹھیک ہیں؟"

"ہاں۔" میں نے چونک کر اسے دیکھا۔

"پھر کیا بات ہے آپ اتنے پریشان کیوں لگ رہے ہیں۔"

اس کی ٹیبل بھی اسی کمرے میں میرے دائیں طرف تھی شاید وہ بہت دیر سے مجھے دیکھ رہی تھی۔

"بس یونہی۔" میں بے دلی سے مسکرایا۔

"اگر کوئی حرج نہ ہو تو میرے ساتھ شیئر کرلیں۔ شاید دل کا بلکا ہوجائے۔" اس کے لبوں پر بڑی دلکش مسکراہٹ تھی۔

اور پتا نہیں کیوں میں اس صبا حیدر کے سامنے اپنا دل کھول بیٹھا جس سے اس سے پہلے کبھی میری اتنی بے تکلفی نہ تھی اور پھر صبا کی باتوں سے واقعی دل کا بوجھ ہلکا سا ہوگیا۔ اسے باتیں کرنے اور قائل کرنے کا قرینہ آتا تھا۔ پھر پتا نہیں کب اور کیسے ہم دونوں کے درمیان دوستی کا رشتہ قائم ہوگیا۔

صبا حیدر میں بہت سی خوبیاں تھیں۔ مجھے پتا ہی نہیں چلا اور دوستی کا یہ رشتہ محبت میں بدل گیا اور اس محبت کو استحکام نیلی کے آئے دن کے جھگڑوں نے بخشا۔ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہنگامہ کھڑا کردیتی۔ حالاں کہ پہلے تو ایسا نہیں تھا۔ وہ اتنی جھگڑالو نہیں تھی۔ بس اماں، زینی اور اطہر کے ذکر سے چڑتی تھی۔ میرا وہاں جانا اسے پسند نہ تھا۔

وہ چاہتی تھی کہ میں انہیں بالکل چھوڑ دوں جو ممکن نہ تھا۔ لیکن اب تو ہر وقت ہی اس کا موڈ خراب رہتا تھا۔ شاید کچھ میری غلطی بھی تھی میں بھی ہر وقت غصے میں اور جھلایا ہوا رہنے لگا تھا اور جس کی وجہ وہ انکشاف تھا جو ایک روز اچانک مجھ پر ہوا تھا یعنی میں اشعر حسن، صبا حیدر علی سے محبت کرنے لگا ہوں۔

اور اس محبت کی شدت میں ہر گزرتے دنوں کے ساتھ اضافہ ہو رہا تھا۔ اور ہر روز مجھے لگتا کہ صبا حیدر کا وجود میرے لیے ناگزیر ہوچکا ہے لیکن جب میں نیلی اور بچوں کو دیکھتا تو دل جیسے پاتال میں گر جاتا۔ کیا تھا۔۔۔ کیا تھا اگر صبا حیدر مجھے پہلے ملی ہوتی۔ عجیب سا بے بس کردینے والا احساس مجھے جکڑے رکھتا اور اس جھنجلاہٹ میں کئی بار میں نے بچوں کو بھی بلاوجہ ڈانٹ دیا۔ جس کا مجھے کتنے ہی دنوں تک افسوس ہوتا رہا۔ صبا حیدر میری دلی کیفیتوں سے ناآشنا اپنے نرم لفظوں سے میرے دل پر مرہم رکھتی رہتی۔ مجھے سمجھاتی رہتی۔ اور میں سوچتا رہتا کیا صبا بھی۔۔۔ کیا صبا بھی مجھ سے محبت کرتی ہے؟

شاید نہیں۔ لیکن اگر محبت نہیں کرتی تو پھر یہ سب کیا ہے۔ اتنی ہمدردی، اتنا احساس، کچھ تو ہے نا۔ میں دل کو تسلی دیتا۔

لیکن اتنے دن گزر جانے کے باوجود مجھ میں ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ میں اس سے اپنی محبت کا اعتراف کروں۔ کہیں وہ خفا نہ ہوجائے کہیں ناراض نہ ہوجائے، میں اسے کھونے کا حوصلہ نہیں رکھتا تھا۔ مجھے لگتا تھا جیسے اگر وہ مجھ سے خفا ہوگئی تو پتا نہیں کیا ہوجائے گا۔ شاید میں بھی باقی نہ رہوں گا۔

میں کوئی ٹین ایجر لڑکا نہیں تھا، دو بچوں کا باپ تھا۔ پھر بھی میری کیفیات ٹین ایجرز جیسی ہی تھیں۔ شاید میں کبھی بھی اظہار کی جرات نہ کرپاتا اگر اس کا پروپوزل نہ آجاتا۔ اس روز پہلی بار میں نے اس کے چہرے پر پریشانی دیکھی تھی۔

"کیا بات ہے صبا؟" میں یکدم پریشان ہو گیا تھا۔

"کچھ نہیں۔"

"نہیں، کچھ تو ہے۔ پلیز۔ دیکھو تمہاری پریشانی میں برداشت نہیں کر سکتا۔ خدا کے لیے صبا!"

"آپ یونہی پریشان ہو رہے ہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ بس میرے لیے کسی ڈاکٹر احسان کا پرپوزل آیا ہے اور میری مما چاہتی ہیں کہ میں انکار نہ کروں جبکہ میں۔۔۔"

"تم، تم کیا چاہتی ہو صبا؟" میں نے بے قراری سے پوچھا۔

"میں فی الحال شادی نہیں کرنا چاہتی۔" اس نے گہری سانس لی۔ "اور مما اس بات پر مجھ سے ناراض ہیں اور میں ان کی ناراضی کی وجہ سے اپ سیٹ ہوں۔"

"تم۔۔۔ تم نے کیوں انکار کیا صبا؟" میں نے دھڑکتے دل سے پوچھا۔ پتا نہیں کیوں مجھے گمان گزرا تھا کہ شاید اس کی وجہ میں ہوں۔ شاید وہ بھی مجھ سے محبت کرنے لگی ہے۔

"بس یونہی۔ میں نے کہا نا میں ابھی شادی نہیں کرنا چاہتی۔" اس نے نظریں جھکا لی تھیں۔

"صبا!" میں نے جھجکتے ہوئے کہا۔ "تم جانتی ہو میں تم سے بے حد، بے حساب محبت کرنے لگا ہوں۔ پتا نہیں کب۔ پتا نہیں کیسے تم میرے دل میں براجمان ہو گئی ہو۔ میں نے خود کو بہت سمجھایا ہے صبا! بہت ڈانٹا ہے لیکن یہ ضدی سمجھتا ہی نہیں۔"

"تم مجھ سے شادی کرو گی صبا؟"

"کیا؟" اس نے حیران ہو کر مجھے دیکھا۔

"یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ آپ کی اپنی ایک گھریلو زندگی ہے بیوی ہے بچے ہیں۔"

"ہاں۔ لیکن یہ گھریلو زندگی کیسی ہے تم جانتی ہو۔"

"وہ تو ہے لیکن سمجھوتا تو کرنا پڑتا ہے اشعر! بچوں کی خاطر۔ اور آپ۔"

"پلیز! صبا آج مجھے کچھ کہنے دو۔ اتنے دنوں سے میں خود سے لڑ لڑ کر تھک گیا ہوں۔"

اور اس روز میں نے صبا حیدر علی سے سب کہہ دیا۔ وہ سب جو میرے دل میں اس کے لیے تھا۔ وہ سنجیدگی سے سنتی رہی۔ اور سب سننے کے بعد اپنے مخصوص نرم لہجے میں بولی۔

"نیلی ایجوکیٹڈ ہے سمجھ دار ہے آپ اسے سمجھائیں تو وہ آپ کی بات سمجھ سکتی ہے۔ شاید آپ نے ایسی کوشش ہی کبھی نہ کی ہو۔"

"کیا میں نے اسے سمجھایا نہیں ہو گا۔ صبا!۔ بہت سمجھایا ہے کہ بس ذرا سا اپنا دل اور ظرف بڑا کر لے لیکن وہ۔ اللہ جانے اتنی نفرت کہاں سے اس کے دل میں جمع ہو گئی ہے اماں، زینی اور اطہر کے لیے۔ اور یہ نفرت میری زندگی کو اجیرن کر رہی ہے۔"

"تو اس مسئلے کا یہ حل تو نہیں کہ آپ مجھ سے شادی کر لیں۔" اس کے لبوں پر مدہم سی مسکراہٹ نمودار ہوئی تھی۔ "کیا خبر میں بھی۔"

"نہیں، تم ایسی نہیں ہو صبا! تمہیں تو میں تم سے زیادہ جان گیا ہوں اور تم سے شادی میں کسی مسئلے کے حل کے لیے نہیں کرنا چاہتا بلکہ اس لیے کرنا چاہتا ہوں کہ تم سے بہت زیادہ محبت کرنے لگا ہوں۔ بے حد اور مجھے یوں لگنے لگا ہے جیسے میں تمہارے بغیر رہ نہیں پاؤں گا۔ ابھی جب تم مجھے اپنے پرپوزل کے متعلق بتا رہی تھیں تو مجھے یوں لگا تھا جیسے میرا دل کہیں گہرائیوں میں ڈوبتا جا رہا ہو اور میری زندگی کی سانسیں بس ختم ہونے والی ہوں۔۔ میں نے سوچا تھا کہ میں کبھی بھی تمہیں اپنے جذبوں سے آگاہ نہیں کروں گا اور مجھے کیا حق پہنچتا ہے کہ میں تمہیں تمہارے راستے سے بھٹکاؤں۔ لیکن سب کچھ جیسے میرے اختیار سے باہر ہو گیا ہے۔

میں نے سوچا تھا کہ اگر کبھی میں کسی بے اختیار لمحے میں اپنے جذبوں کا اظہار کر بیٹھا تو شاید وہ مجھ سے خفا ہو جائے گی اور شاید پھر وہ کبھی مجھ سے بات نہیں کرے گی۔ لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا تھا۔ اور مجھے یہ سمجھنے میں دیر نہیں لگی تھی کہ وہ بھی اور شاید اسی لیے اس نے شادی سے انکار کیا ہے۔ میں نے بغور اسے



دیکھا وہ سر جھکائے بیٹھی تھی۔ میرے دیکھنے پر اس نے سر اٹھایا۔

"ایسی باتوں کا کیا فائدہ اشعر!" اس کے لہجے میں کچھ ایسا تھا کہ میں تڑپ اٹھا۔

"محبت میں فائدہ اور نقصان نہیں دیکھا جاتا۔"

"تو اس میں فضول بات کیا ہے۔ کیا کسی مرد نے دو شادیاں نہیں کیں بلکہ میں تو ایسے مردوں کو بھی جانتا ہوں جنہوں نے تین تین شادیاں کر رکھی ہیں۔" میں ہنسا لیکن وہ مسکرائی نہیں۔ وہ بے حد سنجیدہ تھی۔

"یہ ناممکن ہے اشعر!" میں نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا۔

"کیا میں بدصورت ہوں، مجھ میں کوئی کمی ہے؟"

"نہیں۔" اس نے میری بات کاٹ دی۔ "لیکن کوئی بھی عورت محبت میں شراکت برداشت نہیں کرتی۔ اور نیلی کبھی تمہیں اس کی اجازت نہیں دے گی۔"

"تم اس کی فکر مت کرو صبا! تم یہ بتاؤ، تمہیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے تم نیلی اور بچوں کے ہوتے ہوئے بھی مجھے قبول کر لو گی۔"

اس نے بس ایک نظر مجھے دیکھا تھا اور بنا میری بات کا جواب دیے اپنی ٹیبل پر چلی گئی تھی۔ اس کی پیشانی پر لکیریں سی تھیں۔ میں نے دیکھا وہ اپنے سامنے رکھے کاغذ پر یونہی آڑی ترچھی لکیریں ڈال رہی تھی۔ وہ اپ سیٹ تھی۔ شاید وہ میرے متعلق ہی سوچ رہی تھی۔

میرا دل یکدم کھل اٹھا تھا، یہ انکشاف میرے لیے بہت خوش کن تھا کہ وہ بھی مجھ سے محبت کرتی ہے گو اس نے زبان سے اعتراف نہیں کیا تھا لیکن اس کا ہر انداز، اس کی آنکھیں، اس کا لہجہ، اس کا چہرہ بتا رہا تھا کہ وہ بھی۔ ہاں وہ بھی۔

پھر کتنے ہی دن گزر گئے۔ نیلی روٹھ کر میکے چلی گئی۔ میں نے اسے بتایا تھا کہ میں دوسری شادی کرنا چاہتا ہوں اور اس کے لیے مجھے اس کی اجازت کی ضرورت ہے۔ وہ اماں اور زینی کے ساتھ رہے گی اس گھر میں اور

تم یہاں ہی رہنا۔ میں تمہارے حقوق کی ادائیگی کرتا رہوں گا۔ کیوں کہ تم میرے بچوں کی ماں ہو ورنہ جس طرح تم نے میری زندگی تلخ بنا رکھی ہے۔"

پہلے تو وہ حیرت سے منہ کھولے میری بات سنتی رہی اور پھر جو اس نے ہنگامہ کھڑا کیا تو خدا کی پناہ۔ یہ چیخ چیخ کئی دن جاری رہی اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ نیلی روٹھ گئی۔ اماں نے سنا تو الٹا مجھ سے ہی ناراض ہو گئیں۔

"دماغ تو ٹھیک ہے تمہارا اشعر!۔"

"ہاں اماں! ٹھیک ہے میرا دماغ لیکن یہ عورت ضرور مجھے پاگل کر دے گی۔ مجھے بھی سکون اور راحت چاہیے۔"

"تم تو سکون اور راحت حاصل کر لو گے اشعی! لیکن تمہارے بچے بے سکون ہو جائیں گے۔ بیوی ہے وہ تمہاری، اسے محبت سے سمجھاؤ گے تو سمجھ جائے گی۔ کچھ اس کی مانو، کچھ اپنی منواؤ۔"

"اماں! آپ نہیں سمجھتیں، وہ چاہتی ہے کہ میں آپ سے قطع تعلق کر لوں۔ صرف اس کا ہو کر رہ جاؤں۔"

اماں کی رنگت پھیکی پڑ گئی تھی لیکن اماں نے پھر بھی اسی کی حمایت کی صرف اماں ہی نہیں زینی اور اطہر بھی میری دوسری شادی کے سخت خلاف تھے لیکن ان دنوں تو مجھے صبا حیدر کے سوا کچھ نہیں سوجھتا تھا۔ جیسے صبا حیدر میری زندگی میں آئے گی تو مجھے سب کچھ مل جائے گا۔ زندگی کی ہر خوشی پا لوں گا۔

ان دنوں تو مجھے گڑیا اور ٹیپو کا خیال بھی نہیں آ رہا تھا۔ اتنے دن ہو گئے تھے انہیں گئے، میں نے ایک بار بھی انہیں فون نہیں کیا تھا۔ میرا جی چاہتا تھا میں بس صبا حیدر کو دیکھتا رہوں، سنتا رہوں اور اسے ہی سوچتا رہوں۔ اگرچہ نیلی مجھے منع کرنے کے لیے گھر پر موجود نہیں تھی پھر بھی میں اماں کی طرف نہیں جا رہا تھا۔

صبا حیدر نے میرے پرپوزل کا جواب نہیں دیا تھا، وہ کچھ چپ چپ اور سنجیدہ سی لگتی تھی مجھے۔ پتا نہیں کیا سوچ رہی تھی وہ۔ میں نے اسے صاف صاف بتا دیا تھا کہ نیلی نے مجھے اجازت نہیں دی دوسری شادی کی

www.pkdigest.com

لیکن۔

"کوئی بھی عورت اپنے مرد کو شیئر نہیں کر سکتی اشعر! یہ بہت مشکل ہوتا ہے۔"

"اگر نیلی نے اجازت نہ دی تو میں۔"

"پلیز' آگے کچھ مت کہنا' میں کسی کا گھر برباد کر کے اس پر اپنی خوشیوں کی عمارت قائم نہیں کر سکتی۔"

"او کے۔ میں نیلی کو راضی کر لوں گا۔"

میں نے اسے تسلی دے دی تھی لیکن خود ابھی تک نیلی سے بات نہیں کی تھی۔ میرے لیے یہ احساس ہی بڑا خوش کن تھا کہ صبا بھی۔ صبا بھی مجھ سے محبت کرتی ہے۔

ان دنوں میں بے حد خوش رہنے لگا تھا' دنیا مجھے اتنی خوبصورت کبھی نہیں لگی تھی جتنی ان دنوں لگتی تھی۔

"بیٹا! نیلی اور بچوں کو جا کر لے آؤ' وہ بہت اداس ہو رہے ہیں۔" اس روز میں بہت دنوں بعد اماں کی طرف گیا تھا۔

"جی اماں!"

"بیٹا! مجھے تمہارے کھانے کی فکر ہے۔ گھر کی دیکھ بھال کون کرتا ہو گا۔ تم ادھر بھی نہیں آئے اور۔"

"کام والی کام کر جاتی ہے' کھانا باہر سے کھا لیتا ہوں۔ اور جہاں تک ادھر آنے کی بات ہے تو آپ کو پتا ہے' حالات کیسے ہیں۔ ابھی پچھلے دنوں میں ساتھ والے گھر میں چوری ہوئی۔"

"وہ تو ٹھیک ہے بیٹا لیکن۔"

وہ میرے لیے پریشان تھیں اور بچوں اور نیلی کے لیے بھی لیکن میں نیلی اور بچوں کو گھر لانے سے پہلے صبا سے بات کرنا چاہتا تھا۔ ابھی تک اس نے مجھے جواب نہیں دیا تھا۔ جبکہ نیلی نے آج صبح ہی مجھے فون کیا تھا کہ "وہ راضی ہے بے شک میں دوسری شادی کر لوں" شاید بھابیوں کے سلوک نے اس کے سارے کس بل نکال دیے تھے لیکن یہ بات میں نے اماں کو نہیں بتائی تھی۔

"میں کل شام اسے لے آؤں گا اماں!"

میں نے ان سے وعدہ کر لیا تھا' وہ خوش ہو گئیں۔

زینی کے چہرے پر بھی چمک آ گئی۔ مجھے حیرت ہوئی' نیلی نے زینی کو کبھی پسند نہیں کیا تھا بلکہ روز اول سے ہی زینی کے خلاف کوئی نہ کوئی بات کرتی رہتی تھی' دوسری صبح میں سیدھا صبا کی ٹیبل پر گیا' وہ دراز سے کوئی فائل نکال رہی تھی۔

"صبا! میں چاہتا ہوں کہ ایک دو روز تک ہم سادگی سے نکاح کر لیں۔ تم نے اپنی آپا اور بھائی سے بات کی؟"

"نہیں" اس نے سر اٹھا کر مجھے دیکھا۔

"نیلی نے کیا کہا؟"

"نیلی مان گئی ہے۔" میں سرشار سا کرسی گھسیٹ کر اس کے سامنے بیٹھ گیا۔

"اشعر! میں تم سے شادی نہیں کر سکتی۔" لمحہ بھر بعد اس نے سر جھکائے جھکائے کہا۔

مجھے شاک سا لگا۔ "یہ کیا کہہ رہی ہو تم؟"

"اشعر!" اس نے جیسے میری بات نہیں سنی تھی' وہ اب بھی میز پر نگاہیں جمائے ہوئے تھی۔

"میں نے بہت سوچا ہے لیکن میں خود غرض نہیں بن سکی۔ وہ شاید کوئی ایک لمحہ تھا جب میں خود غرض ہو گئی تھی۔ تب میں نے صرف اپنے متعلق سوچا تھا' صرف اپنے متعلق اور تم سے محبت کا اقرار کر بیٹھی۔ اشعر!" وہ ہولے ہولے بول رہی تھی اور میں دم بخود بیٹھا تھا۔

"میں نے بڑی کٹھن زندگی گزاری ہے اپنے ابا کے انتقال کے بعد۔ آپا بڑی تھیں اور پھر میں۔ باقی تینوں بہن بھائی ہم سے چھوٹے تھے۔ پہلے آپا اور پھر میں ہم دونوں نے خود ہی ابا کی ذمہ داری اٹھالی تھی اور سوچ لیا تھا کہ ہمیں سب کو اعلا تعلیم دلوانی ہے اور سب کا خیال رکھنا ہے۔ میرے ماسٹرز کے کچھ عرصہ بعد اماں نے آپا کی شادی کر دی۔ کیونکہ ان کے سسرال والے اب مزید انتظار نہیں کر سکتے تھے۔ یہ تو بھائی صاحب کی اچھائی تھی کہ میری تعلیم مکمل ہونے تک انہوں نے رخصتی پر اصرار نہیں کیا۔ مجھے زندگی نے کبھی اتنی مہلت ہی نہیں دی کہ میں کسی خوبصورت جذبے کے



متعلق سوچوں۔ آپا تھیں تب بھی کالج اور یونیورسٹی سے آ کر میں ٹیوشن میں مصروف ہو جاتی تھی اور ان کے بعد تو۔ اور اب جب سب اپنے اپنے پاؤں پر کھڑے ہیں۔ دونوں چھوٹے بھائی اچھی جاب کر رہے ہیں۔ بہن کی شادی کر دی ہے' جلد ہی بھائیوں کی شادیاں بھی ہو جائیں گی۔ اماں اور آپا میرے لیے فکر مند۔ ایسے میں تم۔" وہ ذرا دیر کے لیے خاموش ہوئی اور ایک نظر مجھے دیکھا۔

"یہ انکشاف میرے لیے بھی بہت حیران کر دینے والا تھا کہ میں تم سے محبت کرنے لگی ہوں۔ کئی دنوں تک میں خود حیران ہوتی رہی اور پھر جب تم نے شادی کی خواہش ظاہر کی تو بس وہ ایک لمحہ تھا جب میں بھی خود غرض ہو کر اقرار کر بیٹھی لیکن اشعر! میں بائے نیچر خود غرض نہیں ہوں میں کسی اور عورت پر ظلم نہیں کر سکتی۔ نیلی اتنی بری نہیں ہے کہ تم اس کے ساتھ زندگی نہ گزار سکو۔ میں اس سے ملی ہوں۔"

"تم اس سے ملی ہو؟ کب کہاں؟" میں نے حیرت سے پوچھا۔

"اس کے گھر۔ میرا مطلب ہے اس کے میکے گھر' ایک بار نہیں کئی بار۔ میں نے اسے سمجھایا ہے۔ اس سے بہت دیر تک باتیں کی ہیں۔ وہ میری بات سمجھ گئی ہے۔ نیلی کا بھی قصور نہیں ہے اشعر! ہمارا معاشرتی سیٹ اپ کچھ ایسا ہے کہ لڑکی کم عمری میں ہی ماں بہنوں اور رشتے کی دوسری خواتین سے سن سن کر سسرالی رشتوں سے نفرت پال لیتی ہے۔ بلاوجہ کی نفرت اور یہی نفرت اور دشمنی گھروں کا سکون برباد کرتی ہے۔"

میں ساکت بیٹھا تھا۔ میرا دل جیسے بجھ گیا تھا۔ ساری روشنیاں ماند پڑ گئی تھیں۔ میں صبا کے بغیر بھلا کیسے۔

"صبا" میں روہانسا ہو گیا تھا۔ "یہ میرا دل۔ تم نے اس کے متعلق نہیں سوچا۔ تمہیں نیلی کا خیال ہے میرا نہیں۔"

"اشعر! ایک اپنے دل کی خوشی کے لیے تم کتنے دلوں کی خوشی چھین لوگے یہ تم نے سوچا۔ اتنے دنوں میں تمہارے بچوں کے چہروں کی رنگت ماند پڑ گئی ہے۔ تم نے دیکھا جا کر' وہ کتنے کمزور اور کتنے بے آسرا سے لگ رہے ہیں۔"

"شاید تم نے مجھ سے محبت کی ہی نہیں صبا!" میں نے شکوہ کیا۔

"ایسا نہیں ہے اشعر! میں نے شاید تم سے تم سے زیادہ محبت کی ہے لیکن میں۔" وہ بات ادھوری چھوڑ کر ہونٹ کچلنے لگی۔ میں اس کی ٹیبل کے پاس سے اٹھ آیا اور مجھے گڑیا اور ٹیپو بے حد یاد آئے۔ اتنے دن ہو گئے تھے انہیں دیکھے۔

مجھے نیلی سے شکوہ تھا۔ وہ تو میرے وجود کا حصہ تھے پھر میں نے انہیں کیوں فراموش کر دیا تھا۔ صبا سچ ہی تو کہتی ہے کہ ہم بعض اوقات اپنی خوشیوں کے حصول کے لیے اتنا پاگل ہو جاتے ہیں کہ دوسروں کی خوشیاں ملیامیٹ کر دیتے ہیں۔

اس روز صبا ہاف ٹائم میں چھٹی لے کر چلی گئی تھی اور میں جب گھر آیا تو نیلی اور بچے گھر میں موجود تھے۔ نیلی اس طرح کام میں مصروف تھی جیسے وہ کہیں گئی ہی نہ تھی۔ ہمارے درمیان اس موضوع پر کوئی بات نہ ہوئی تھی۔ میں بچوں کے ساتھ مصروف رہا۔ رات کو اپنے بیڈ روم میں آ کر نیلی نے مجھ سے سوری کر لیا۔

"سوری اشعر! میں بلاوجہ ہی تمہیں پریشان کرتی تھی۔ اب ایسا نہیں ہو گا۔"

"اٹس او کے۔"

میں نے بھی زیادہ بات نہیں کی تھی۔ نیلی میں حیرت انگیز تبدیلیاں آئی تھیں وہ ہر ویک اینڈ پر بچوں کے ساتھ اماں کی طرف جانے لگی تھی۔ اطہر اور زینی کے ساتھ بھی اس کی دوستی ہو گئی تھی۔ عید وغیرہ پر وہ ان کے لیے گفٹ بھی لے جاتی اماں بے حد خوش ہوتیں۔ میں پہلے کے مقابلے میں کچھ سنجیدہ ہو گیا۔ میرے دل میں اندر کہیں کن من ہوتی رہتی آنسو گرتے رہتے۔ صبا کی یاد نے وہاں مستقل بسیرا کر لیا تھا۔ صبا نے اسی ہفتے ریزائن دے دیا تھا اور کہیں اور

جاب کرلی تھی۔

"یہی بہتر ہے اشعر! کہ میں تمہارے سامنے نہ رہوں۔"

"ایسا نہ کرو صبو۔! تمہاری رفاقت نہ سہی، تمہیں دیکھ تو پاؤں گا سن تو لوں گا۔"

"لیکن میں چاہتی ہوں تم مجھے یکسر فراموش کردو۔ تاکہ تمہیں گھر میں نیلی کے ساتھ ایڈجسٹ ہونے میں مشکل پیش نہ آئے۔ میں سامنے ہوں گی تو یہ احساس زیادہ تمہیں دکھ دیتا رہے گا۔"

"اور تم بھول جاؤ گی مجھے۔"

"نہیں۔ لیکن کوشش تو کرسکتی ہوں۔" اور پھر اس روز کے بعد مجھے صبا کبھی نہیں ملی۔

ہاں ایک بار میں نے فون پر اس کی گفتگو سنی تھی۔ میں نے کسی کو فون کرنے کے لیے اپنے بیڈ روم سے فون کا ریسیور اٹھایا تو دوسری طرف سے مجھے صبا کی آواز سنائی دی تھی۔

"نیلی! یاد رکھو مرد کو کبھی چڑانا نہیں چاہیے۔ ضد نہیں دلانا چاہیے۔ اسے اتنی محبت دو نیلی! کہ وہ اس محبت کے جال سے نکل ہی نہ سکے۔ اور یاد رکھنا نیلی! کبھی اسے طعنہ مت دینا کہ وہ کبھی بھٹکنے لگا تھا۔ گھر میں مرد کو پورا سکون محبت اور آرام ملے تو وہ کبھی گھر سے باہر سکون تلاش نہیں کرتا۔"

"تھینک یو صبا! میں ہمیشہ آپ کی ممنون رہوں گی۔" یہ نیلی تھی۔

"میں شاید آج کے بعد تمہیں فون نہ کرسکوں۔ کیونکہ میں کراچی جارہی ہوں۔ اپنی آپا کے پاس۔ مجھے وہاں ہی جاب مل گئی ہے۔"

میں نے آہستگی سے ریسیور رکھ دیا۔

کیا دنیا میں ایسی لڑکیاں بھی ہوتی ہیں صبا جیسی۔ کاش۔ اے کاش نیلی کی جگہ صبا میری ہم سفر ہوتی تو شاید میں دنیا کا خوش قسمت ترین آدمی ہوتا۔ کتنے ہی دنوں تک میں دکھ کے گہرے حصار میں مقید رہا۔

صبا کو کھو کر دل جیسے بجھ گیا تھا۔ لیکن پھر ہولے ہولے نیلی کی رفاقت مجھے اس حصار سے باہر لے آئی اور میں نارمل زندگی گزارنے لگا۔ میں بھول گیا کہ کبھی میری زندگی میں صبا حیدر نام کی لڑکی بھی آئی تھی اور میں اس سے شادی کرنے والا تھا۔

ہاں ایک کسک سی کبھی کبھی ہوتی تھی لیکن پھر اپنے بچوں اور پرسکون گھریلو زندگی میں ڈوب کر یہ کسک ختم ہوجاتی۔ اگر صبا کے بجائے کوئی اور لڑکی ہوتی۔ کوئی خود غرض لڑکی تو شاید آج میرے بچے اس اعتماد سے محروم ہوتے جو آج ان میں ہے۔ میں ایک بار پھر دل ہی دل میں صبا کا ممنون ہوا۔ یکدم کسی نے ڈیک بند کردیا تو میں چونکا۔

"بارات آرہی ہے۔" کوئی اونچی آواز میں بولا تھا۔

بارات کے استقبال کے لیے مجھے اس وقت عزیز کے ساتھ ہونا چاہیے' ایک لمحے کے لیے میرے دل میں خیال آیا تھا لیکن میں اٹھتے اٹھتے بیٹھ گیا۔ میرے پیچھے بیٹھی ہوئی خواتین ہنوز محو گفتگو تھیں گو موضوع بدل چکا تھا ڈیک بند ہوجانے کی وجہ سے ان کی آواز صاف مجھ تک آرہی تھی۔

"سچ بتاؤ وہ کون ہے جس کی خاطر تم نے یہ جوگ لے رکھا ہے۔"

"ارے نہیں کوئی بھی نہیں۔" وہی مانوس آواز اور مدھم ہنسی۔ "تو ہم ہے تمہارا۔ ہر وہ لڑکی جو شادی نہیں کرتی اس نے کسی کی خاطر جوگ تو نہیں لے رکھا ہوتا نا۔"

"میں ہر لڑکی کی بات تو نہیں کررہی یار! تمہاری بات کررہی ہوں۔ تمہارے لیے تو اتنے اچھے پروپوزل بھی آئے اور تم نے انکار کردیا۔"

"یونہی' بس دل ہی نہیں چاہا شادی کا' شاید اس زندگی کی عادی ہوگئی ہوں۔" لہجے میں ہلکی سی اداسی در آئی تھی یا شاید میں نے ہی محسوس کیا تھا۔ کیونکہ دوسری خاتون اب انہیں کسی صاحب کے متعلق بتارہی تھیں جو جوان بچوں کو بیاہ کر اب فارغ ہوکر گھر بسانا چاہ رہے تھے کیوں ان کی بیگم صاحبہ وفات پاچکی تھیں۔

"بکومت۔" ہلکی سی سرزنش سے بری طرح چونکا۔



اوہ گاڈ! یہ لہجہ' یہ انداز تو میں لاکھوں میں پہچان سکتا تھا۔ یہ مانوس آواز یہ تو صبا حیدر کی آواز تھی۔

"لیکن ضروری تو نہیں یہ صبا حیدر ہی ہو۔"

دوسرے ہی لمحے میرا جوش جھاگ کی طرح بیٹھ گیا لیکن اب کے میں پیچھے مڑ کر دیکھنے کی خواہش کو نہ دبا سکا اور یکدم کھڑا ہو کر میں اپنی رو سے نکل کر دائیں طرف کھڑا ہوگیا۔ لیکن وہاں سے مجھے وہ دونوں خواتین صاف نظر نہیں آرہی تھیں۔ صرف ایک خاتون کا سائیڈ پوز نظر آرہا تھا اور وہ صبا حیدر تو ہرگز نہ تھی۔ یقیناً" یہ دوسری خاتون فرح ہوگی۔ میرا دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔

دھک دھک۔ یوں جیسے ابھی سینے کی چار دیواری توڑ کر باہر نکل آئے گا۔

"اور اگر یہ صبا حیدر ہی ہوئی تو۔ تو کیا ہوگا۔ میں کیا کہوں گا اس سے۔ کیا میں اس کا شکریہ ادا کروں کہ اس نے میرا گھر بکھرنے سے بچالیا یا گلہ کروں کہ اس نے میرا دل توڑ دیا۔" میں عجیب سے احساسات میں گھرا کھڑا تھا کہ اچانک باہر سے بینڈ باجوں کی آوازیں آنے لگیں اور عین اسی لمحے اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔ اب اس کا چہرہ میرے سامنے تھا' ایک لمحے کے لیے میرا دل جیسے دھڑکنا بھول گیا ہو۔ وہ سچ مچ صبا حیدر ہی تھی۔ اتنے سالوں بعد میں اسے دیکھ رہا تھا۔

پندرہ سالوں میں اس میں کچھ خاص تبدیلی نہیں آئی تھی۔ شاید وہ زیادہ باوقار لگ رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں وہ پہلی سی شوخی نہیں تھی بلکہ ایک حزن سا تھا۔ اس نے شادی نہیں کی تھی۔ یہ اندازہ تو مجھے ان کی گفتگو سے ہوچکا تھا۔ تو کیا وہ۔ کیا اس نے۔ میرا دل پھر پہلے سی تیزی سے دھڑکنے لگا۔ میں نے یکدم قدم آگے بڑھایا۔

میں اس سے بات کرنا چاہتا تھا کہ عین اسی لمحے اس کی نظریں بھی مجھ پر پڑیں۔ اور پھر مجھے لگا اس نے بھی مجھے پہچان لیا تھا۔ اس کی آنکھیں یکدم چمکی تھیں اور ہونٹوں پر بڑی دلفریب سی مسکراہٹ آکر ٹھہر گئی تھی حالانکہ میں تو بہت بدل گیا تھا' پندرہ سال پہلے میری عمر تیس سال تھی اور اب میں پینتالیس کا تھا۔

میرا جسم کچھ بھاری ہوگیا تھا اور میں نے عینک بھی لگالی تھی جبکہ وہ چالیس سال کی عمر میں بھی تیس سے کم کی ہی لگ رہی تھی۔ پندرہ سال پہلے جب وہ پچیس سال کی تھی تو انیس بیس سے زیادہ کی نہیں لگتی تھی۔ اور اب۔

"صبا!"

میرے لبوں سے بے اختیار نکلا تھا لیکن اتنے شور میں میری آواز شاید اس تک نہیں پہنچی تھی۔ بینڈ باجوں کی آواز بلند ہوگئی۔ بارات گیٹ تک آگئی تھی یکدم ہی شور بڑھ گیا تھا۔ میرے سامنے کچھ خواتین کھڑی ہوگئیں اور عزیز نے پیچھے سے آکر میرے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

"تم یہاں کھڑے ہو گدھے! اور میں تمہیں کہاں کہاں تلاش کرچکا ہوں یہ پکڑو۔"

اس کے ساتھ ہی اس نے مجھے کچھ گلاب کے ہار پکڑائے اور تقریباً" کھینچتا ہوا اپنے ساتھ لے چلا۔ میں اس کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے بھی مڑ مڑ کر پیچھے دیکھ رہا تھا۔

صبا۔ صبا پتا نہیں کہاں تھی۔ وہ مجھے نظر نہیں آرہی تھی۔

"یہ ہار دولہا کے چچا کے گلے میں ڈالنے ہیں۔"

عزیز میرے کان میں سرگوشی کرگیا تھا لیکن میں نے دولہا کے چچا کا انتظار کرنے کے بجائے جو بھی پہلے میرے سامنے آیا اس کے گلے میں ہار ڈالے اور تیزی سے واپس پلٹا۔ لیکن وہ دونوں کرسیاں جن پر کچھ دیر پہلے وہ بیٹھی تھیں خالی تھیں۔

بے چینی سے اسے ادھر ادھر تلاشتے ہوئے میں سوچ رہا تھا کہ پندرہ سال پہلے میں کیسے اس کی محبت کے سحر میں جکڑا ہوا تھا کہ۔

"کیا واقعی یہ اس کی محبت کا سحر تھا یا اپنی ازدواجی زندگی کی تلخیوں سے فرار؟"

میرے اندر سے ایک چور آواز آئی اور عین اسی لمحے وہ مجھے ایک آرائشی کھمبے کے ساتھ کھڑی اسٹیج کی

طرف دیکھتی نظر آ گئی جہاں دولہا بیٹھ چکا تھا اور اس کے بھائی اور کزن اسٹیج کے سامنے بھنگڑا ڈال رہے تھے۔

"صبا!" اس کے بالکل پیچھے جا کر میں نے آہستہ سے کہا تو وہ یکدم چونک کر مڑی۔ پتا نہیں کیوں مجھے لگا جیسے اس کی آنکھوں میں نمی سی ہو۔

"کیا ہم اب ایک دوسرے کی خیریت بھی نہیں پوچھ سکتے صبا! جو تم مجھے دیکھ کر یہاں چھپ کر بیٹھ گئی ہو۔" میرے لہجے میں گلہ تھا۔

"نہیں خیر ایسی بات تو نہیں کہ میں تم سے چھپ کر یہاں بیٹھی ہوں۔" اس کے لبوں پر مدھم سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔

"تم کیسے ہو اور نیلی اور بچے؟"

"ہم سب ٹھیک ہیں۔ تم بتاؤ کراچی سے کب آئیں؟"

"چند ماہ پہلے۔" اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں۔

"اور تم سے اتنا بھی نہ ہوا کہ ملنے ہی چلی آتیں، میں تو وہاں ہی تھا اسی آفس میں۔" میں بے اختیار پھر گلہ کر بیٹھا۔

اس نے بس ذرا کی ذرا نظر اٹھا کر مجھے دیکھا اور پھر سامنے اسٹیج کی طرف دیکھنے لگی۔

"تمہاری اماں، زینی اور اطہر کیسے ہیں؟"

"زینی اور اطہر کی شادی ہو گئی ہے۔ دونوں اپنے اپنے گھر میں خوش ہیں اماں اطہر کے ساتھ ہی ہیں۔ تم اپنی سناؤ کیا ان پندرہ سالوں میں کبھی لاہور کا چکر نہیں لگا۔"

"کیا سناؤں۔ جب دونوں بھائی باہر سیٹل ہو گئے تو میں اماں کو بھی ساتھ ہی کراچی لے گئی وہاں ہی آپا کے گھر کا ایک پورشن کرایہ پر لے لیا تھا اور یہاں والا گھر کرائے پر دے دیا۔ اب چند ماہ پہلے آپا اور بھائی صاحب کینیڈا چلے گئے تو اماں کا وہاں اکیلے دل ہی نہیں لگا اور ان کے اصرار پر میں واپس آ گئی۔"

"اور تم نے شادی کیوں نہیں کی صبا!" وہ بات جو میں بہت دیر سے اس سے پوچھنا چاہ رہا تھا پوچھ ہی لی۔

"بس کوئی ملا ہی نہیں یا یوں سمجھ لو کسی نے پسند ہی نہیں کیا۔" وہ پھیکی سی ہنسی ہنس دی۔

"جھوٹ مت بولو صبا! جب تم یہاں سے گئی تھیں تو تب بھی تمہارے لیے کسی ڈاکٹر کا پرپوزل آیا ہوا تھا اور۔ پھر تم نے کیوں؟"

"ہر کیوں کا جواب نہیں ہوتا اشعر! کچھ باتیں ان کہی ہی رہنی چاہئیں۔" اس کے لہجے میں جیسے صدیوں کی تھکن اتر آئی تھی۔

"تو کیا اس نے میری محبت میں؟"

میں پوچھنا چاہتا تھا لیکن بھلا پوچھنے کی کیا ضرورت تھی۔ ماہ و سال کی ساری کہانیاں تو اس کے چہرے پر رقم تھیں۔

"تم نے ایسا کیوں کیا صبا! مجھے بھی دکھ دیا اور خود بھی عمر بھر کے لیے تنہائی مول لے لی۔"

"پھر وہی کیوں؟" وہ ہولے سے ہنسی۔ کیا تھا اس ہنسی میں کہ میں صرف اسے دیکھ کر رہ گیا۔

"تم شادی کر لیتیں صبا! ضروری تو نہیں کہ انسان جس کی چاہ کرے وہ اسے پا لے۔"

"ہاں۔ ضروری تو نہیں لیکن شادی۔ یہ سب آسان نہیں تھا میرے لیے میں اپنے ساتھ ساتھ کسی دوسرے کو دھوکا نہیں دے سکتی تھی۔"

"تو کیا وہ آسان تھا جو تم نے کیا۔" میرے لہجے میں وہی پرانی بے تکلفی آ گئی تھی۔

"شاید نہیں۔ لیکن مجھے کوئی شرمندگی تو نہیں ہے۔ کوئی بوجھ تو نہیں ہے نا میرے دل پر کہ میں نے اپنی محبت پانے کے لیے کسی دوسری عورت کا گھر برباد کر دیا۔ خیر اب ماضی کا کیا ذکر۔" وہ پھر ہنسی۔ وہی افسردہ کر دینے والی ہنسی "تم بتاؤ اب نیلی تو خوش ہے نا!"

"ہاں!"

"اور کیوں خوش نہیں ہو گی میں نے اپنی محبت کی قربانی دے کر اسے بے سائبان ہونے سے بچایا تھا۔"

اور یہ بات میں نے وہاں کھڑے کھڑے ہی نہیں سوچی تھی بلکہ کبھی کبھار میں اس کا اظہار ڈھکے چھپے لفظوں میں نیلی سے بھی کرتا رہتا تھا۔ حالانکہ مجھے اب نیلی سے کوئی شکایت نہ تھی۔



صبا سے محبت کا جو بخار چڑھا تھا وہ بھی کچھ عرصہ بعد اتر گیا تھا اور نیلی کے ساتھ میں ایک بالکل نارمل زندگی گزار رہا تھا پھر بھی جب بھی موقع ملتا میں نیلی کو ضرور جتا دیا کرتا تھا کہ وہ ایک لڑکی جو میری محبت تھی اور جو مجھ سے محبت کرتی تھی میں نے اسے صرف نیلی اور بچوں کی خاطر چھوڑ دیا تھا نیلی خاموش رہتی تھی لیکن اس کا موڈ ضرور آف ہو جاتا تھا جیسے آج صبح ہوا تھا۔

"اور تم۔ تم بھی خوش ہو؟"

"ہاں۔ سچ تو یہ ہے صبا! کہ تم نے نیلی کو جانے کیا سمجھایا تھا کہ پھر اس نے کبھی شکایت کا موقع نہیں دیا۔"

"تھینک گاڈ! تم اپنے گھر میں سیٹ اور مطمئن ہو۔" اس نے ایک لمبی سانس لی۔

"لیکن صبو! میرے دل کا ایک کونا تو ہمیشہ ویران ہی رہا ہے وہاں دھول اڑتی ہے اور تمہارے ہجر میں۔"

میں جیسے پندرہ سال پیچھے چلا گیا تھا۔

"پتا ہی تو سب کچھ نہیں ہوتا اشعر!" اس نے میری بات کاٹ دی تھی۔

"محبت تو کبھی مرتی نہیں ہے۔ محبوب کو کھو کر بھی وہ اتنی ہی توانائی سے زندہ رہتی ہے۔ بلکہ شاید ہجر اسے بڑھا دیتا ہے۔"

وہ شاید صحیح کہہ رہی تھی۔ اس کے دل میں محبت اب بھی اسی شدت سے موجود تھی شاید ان پندرہ سالوں میں میری محبت اور نکھر کر اس کے اندر روشنی کر رہی تھی۔

میں اس کے چہرے پر نگاہیں جمائے کھڑا تھا اور پندرہ سال پہلے اگر وہ مجھ سے شادی کرنا چاہتی تو کتنا آسان تھا اس کے لیے یہ۔ میں اس سے شادی کرنا چاہتا تھا۔ نیلی نے مجھے اجازت دے دی تھی۔ اس نے اپنی اماں اور آپا کو رضامند کر لیا تھا پھر۔

"فرح مجھے ڈھونڈ رہی ہو گی۔" وہ یک دم تیزی سے مڑی تھی لیکن میں نے اس کی آنکھوں میں پھیلتی نمی دیکھ لی تھی۔

میں نے حیرانی سے اس کی بھیگتی پلکوں کو دیکھا اور پہلی بار اپنے آپ سے اعتراف کیا۔

"یہ میں نہیں تھا وہ تھی جس نے اپنی محبت کی قربانی دے کر ہمارا گھر ٹوٹنے سے اور میرے بچوں کو بے سائبان ہونے سے بچایا تھا۔ اگر وہ مجھ سے شادی کرنے سے انکار نہ کرتی تو پھر بھلا لوگوں کو یہ کہنے سے کون روک سکتا تھا کہ اشعر حسن نے دو بچوں کے ہوتے ہوئے دوسری شادی کر لی ہے۔"

میرے لبوں پر بے اختیار مسکراہٹ آ گئی۔ میں نے اسے دیکھنا چاہا لیکن وہ خواتین کے ہجوم میں میری نظروں سے اوجھل ہو گئی تھی۔ اگر آج وہ نہ ملتی تو میں شاید ساری زندگی اسی زعم میں رہتا کہ میں نے نیلی پر احسان کیا ہے اور ساری زندگی اسے جتاتا رہتا کہ یہ میں تھا جس نے۔

اور میں جو اسے "اس صبا حیدر کو صرف یہ جتانے بلکہ یاد دلانے اسے ڈھونڈتا ہوا اس تک آیا تھا کہ دیکھو میں اشعر حسن ان خود غرض مردوں میں شامل نہیں ہوں بلکہ پندرہ سال پہلے۔ ایک بار پھر اعتراف کرتے ہوئے کہ یہ میں نہیں وہ تھی جس نے نیلی کا گھر ٹوٹنے سے بچایا تھا بیٹھنے کے لیے کوئی خالی کرسی دیکھنے لگا۔

*

خواتین ڈائجسٹ
کی طرف سے
بہنوں کے لیے ایک اور ناول
آئینوں کا شہر
فائزہ افتخار
قیمت ۔۔۔ -/400 روپے
منگوانے کا پتہ
مکتبہ عمران ڈائجسٹ
37- اردو بازار، کراچی۔



www.pkdigest.com